شمارہ نمبر 25 مرتب کردہ: ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

**القرآن**

قسم ہے عصر کی۔
بے شک انسان خسارے میں ہے
مگر وہ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے
اور آپس میں حق بات اور صبر کی نصیحت کرتے رہے۔
(سورۃ العصر)

# غزالی نیوز

دسمبر 2008

**الحدیث**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
اے لوگو! آگ سے بچنے کی فکر کرو
اگر ایک کھجور کا آدھا حصہ ہی تمھارے پاس ہو تو
اس کو دے کر آگ سے بچو۔
(بخاری۔مسلم)

Visit us: www.get.org.pk

144/2۔ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939,5850966

E-mail: info@get.org.pk

## "نیا زمانہ، نئے صبح وشام پیدا کر"

تنظیموں کی زندگی کا انحصار جائزہ واحتساب کے نظام پر قائم ہے وہ تنظیمیں آگے کی جانب اپنے سفر کو جاری رکھتی ہیں جو اپنی کامیابیوں اور ناکامیوں کا گوشوارہ مرتب کر کے مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی تیاری کرتی ہیں۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ میں شروع دن سے ہی اس بات کا اہتمام کیا گیا کہ مختلف سطحوں پر ہونے والے کاموں میں پیش رفت کا باقاعدگی کے ساتھ جائزہ لیا جاتا رہے تاکہ سفر کی سمت درست رہے اور اس راہ میں ہونے والی مشکلات کا مقابلہ بھی حوصلہ اور دانش مندی کیساتھ کیا جائے۔

سال 2008 کے اختتام پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے "Stratigic Managment Review" کے نام سے ورکشاپ کا اہتمام کیا جس میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام اہم ذمہ داران شریک ہوئے، جبکہ اسی نوعیت کی ایک دوسری ورکشاپ "Vision2020" کے موضوع پر لاہور میں منعقد ہوئی جس میں بیرون ممالک سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ورکشاپ کی مختلف نشستوں میں تعلیم سے متعلق موضوعات پر سیر حاصل گفتگو اور تنظیمی صورتحال پر تبادلہ خیال کا سلسلہ جاری رہا اور اس کے نتیجے میں جو تجاویز مرتب ہوئیں وہ یقیناً ٹرسٹ کے کاموں کی رفتار کو بڑھانے میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔

انشاء اللہ آنے والے دنوں میں تعلیمی معیار کو بلند کرنے کے ساتھ ساتھ ٹرسٹ وطن عزیز کے پسماندہ علاقوں میں علم کی مزید شمعیں روشن کرے گا۔اساتذہ کو معاشی وقار اور معاشرتی احترام دینے سے لے کر ہر ذہین طالب علم کے لیے روشن مستقبل کی کرنیں پہنچانے تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی صدا ہر اس فرد کے لیے ہے جو حالات پر کڑھنے اور ماحول کا رونا رونے کی بجائے امید کی جوت جگائے۔

دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر نیا زمانہ، نئے صبح وشام پیدا کر

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور والنٹیئر سروسز اوورسیز (VSO) کی جانب سے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر شاندار واک کا انعقاد




**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور والنٹیئر سروسز اوورسیز** کے باہمی اشتراک سے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر لاہور میں شاندار واک اور تقریب کا اہتمام کیا گیا۔واک میں اساتذہ، طلبا و طالبات، مختلف سماجی ومعاشرتی تنظیموں کے نمائندوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔طلبا وطالبات اور دیگر شرکا نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔جن پر اساتذہ کی عظمت اور احترام میں نعرے درج تھے۔واک کا آغاز غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ٹیچر ٹریننگ سنٹر ہیئر لاہور سے ہوا شرکا مختلف بازاروں سے ہوتے ہوئے بیدیاں روڈ پہنچے۔ایک گھنٹہ تک شرکا واک نے بھرپور طریقے سے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا۔لوگوں کی بڑی تعداد بھی واک میں شریک ہوگئی۔واک کے بعد ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز عامر محمود چیمہ، وی ایس او کے نمائندہ جولیس وارڈ، ایف او ایف (امریکہ) کے جنرل سیکرٹری یونس شاہد، برمنگھم (UK) سے مہمان اطہر صدیقی اور محمد داؤد نے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا۔مقررین نے کہا کہ اقوام متحدہ کی طرف سے منائے جانے والے عالمی یوم اساتذہ کے سلسلے میں واک کا اہتمام کیا گیا ہے۔بدقسمتی سے ملک بھر میں سماجی اور فلاحی تنظیمیں اور افراد اس سلسلے میں زیادہ فعال نہیں ہیں۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ محدود وسائل کے باوجود معاشرے میں علم دوست سرگرمیوں کے انعقاد کے حوالے سے ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔اسی لیے اس دن کو بھرپور طریقے سے منانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں وی ایس او نے بھرپور تعاون کیا ہے ٹیچرز ڈے واک معاشرے میں استاد کے کھوئے ہوئے مقام کو پھر سے حاصل کرنے کی جدوجہد کا نقطہ آغاز ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اساتذہ کے معاشی مسائل کے حل پر توجہ دے اور تعلیمی بجٹ میں اضافہ کیا جائے اور استاد کی خدمات کی مرکزی، صوبائی اور ضلعی سطح پر مکمل حوصلہ افزائی کی جائے۔

## صدر ٹرسٹ کا دورہ امریکہ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر سید وقاص جعفری نے اگست/ستمبر 2008 میں امریکہ کا دورہ کیا۔ جس کے دوران انہوں نے امریکی ریاست جارجیا، کیلیفورنیا، مشی گن، ٹیکساس، نیویارک اور نیوجرسی میں پاکستانی کمیونٹی کے مختلف پروگرامز میں شرکت کے علاوہ اسلامک سوسائٹی آف نارتھ امریکہ (ISNA) کے سالانہ کنونشن میں بھی شرکت کی۔ یہ کنونشن 29 اگست تا یکم اکتوبر کو ریاست اوہائیو کے دارالحکومت کولمبس میں منعقد ہوا۔ یاد رہے کہ (ISNA) امریکہ مقیم میں مسلمانوں کی تنظیموں میں سرفہرست ہے جس کے سالانہ کنونشن میں لگ بھگ 20 ہزار مسلمانوں نے شرکت کی۔ کنونشن کے دوران صدر ٹرسٹ نے امریکہ میں موجود مسلم کمیونٹی کے رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں جن میں ڈاکٹر خورشید خان (صدر ICNA)، لارڈ نذیر احمد (برطانیہ) ڈاکٹر زاہد بخاری (جارج ٹاؤن یونیورسٹی واشنگٹن)، محمد اسماعیل حنیف (ڈائریکٹر HH USA) شامل ہیں۔

---

## ڈاکٹر اشتیاق گوندل کا اسلام آباد کی بزنس کمیونٹی سیالکوٹ چیمبر آف کامرس سے خطاب

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام اسلام آباد ہوٹل میں ایک تعارفی پروگرام ہوا جس میں بزنس کمیونٹی، کارپوریٹ سیکٹر، سوشل ورکرز اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے معاونین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پروگرام کی صدارت سابق ایم این اے میاں محمد اسلم نے کی۔ مہمان خصوصی ظفر بختاوری تھے۔ اس موقع پر وائس چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق گوندل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹرسٹ نے محبّ وطن افراد کے تعاون سے دور دراز بستیوں میں 278 سکولز قائم کردیے ہیں جن میں ہزاروں غریب اور یتیم بچے مفت تعلیمی سہولیات حاصل کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، سید عامر محمود اور عامر محمود چیمہ نے صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کی خصوصی دعوت پر سیالکوٹ چیمبر میں شہر کے معززین سے خطاب کیا۔ اس موقع پر بزنس مین کمیونٹی نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے لیے دست تعاون دراز کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

## ویژن 2020 ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی جانب سے گزشتہ ایک دہائی میں ہونیوالی تعلیمی کاوشوں کا جائزہ اور مستقبل کے حوالے سے لائحہ عمل طے کرنے کے سلسلے سے 23 اکتوبر کو ویژن 2020 ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ٹرسٹ کے ذمہ داران کے علاوہ امریکہ یورپ، بحرین، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور کویت سے احباب نے شرکت کی۔ اس ورکشاپ کا بنیادی مقصد مستقبل میں ٹرسٹ کے دائرہ کار سے متعلق کاموں کا احاطہ اور تبادلہ خیال تھا۔ صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص جعفری نے تمام مندوبین کو خوش آمدید کہا اور شرکاء سے ٹرسٹ کی رہنمائی، مشاورت، معاونت اور وکالت کے دائروں میں شرکت کی درخواست کی۔ وائس چیئرمین ڈاکٹر اشتیاق گوندل نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ متحدہ عرب امارات سے خلیق احمد نے ٹرسٹ کے مقاصد کو آگے بڑھانے کے لیے شرکاء کے سامنے تجاویز رکھیں بعد ازاں شرکا ورکشاپ کو مختلف گروپس میں تقسیم کردیا گیا انہوں نے درج ذیل موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی۔

1۔ وژن 2020
2۔ وسائل کی فراہمی اور خود انحصاری
3۔ مستقبل کے چیلنجز

گروپ لیڈرز نے درج ذیل موضوعات پر اپنے اپنے گروپس کی سفارشات پیش کیں۔ چیئرمین ٹرسٹ لیاقت بلوچ نے اس اختتامی سیشن کی صدارت کی اور گروپس کے کام کو مثبت اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ میں ٹرسٹ کے ذمہ داران کے علاوہ نذر عباس (ناروے)، شاہد حیات، یونس شاہد (یو ایس اے) عبدالقدوس منہاس (سعودی عرب) عبدالغفور (بحرین) برکت علی (بحرین)، خلیق احمد (متحدہ عرب امارات) اور حاجی لیاقت وڑائچ (کویت) نے شرکت کی۔


## سٹریٹجک ریویو ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی جانب سے ماہ اکتوبر میں سٹریٹجک ریویو ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ورکشاپ کے انعقاد کا بنیادی مقصد ادارہ کی سطح پر داخلی اور خارجی چیلنجز کا ادراک تھا ورکشاپ میں معاونت کے لیے دبئ سے محمد خلیق نے خصوصی شرکت کی۔ ورکشاپ میں ٹرسٹ کے ایگزیکٹو سٹاف کے علاوہ لاہور کے اہم تعلیمی اداروں اور تنظیموں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ ورکشاپ کا دورانیہ 8 گھنٹوں پر مشتمل تھا جس میں لیکچرز کے ساتھ ساتھ شراکتی طریقہ کار (Inter-action approach) کو اختیار کیا گیا ورکشاپ کے فوکل پرسن محمد خلیق خلیجی ممالک میں بزنس مینیجمنٹ اور آرگنائزیشن ڈویلپمنٹ کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔



## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز میں ماحول دوست مہم



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے 244 سکولز میں شجرکاری مہم بھرپور طریقے سے منائی گئی۔ جسے ماحول دوست سکول مہم کا نام دیا گیا۔ اس مہم کے دوران 2345 پودے لگائے گئے سکولز میں 650 نئے گملوں کا اضافہ ہوا جبکہ 8 نئے گراؤنڈز اور لانز بنائے گئے اس مہم کے جو اخراجات ہوئے اُن میں سے 65 فیصد مقامی عطیات سے اکٹھے کیے گئے۔

طلبا و طالبات ،اساتذہ پرنسپلز اور ڈسٹرکٹ مینیجرز غزالی سکولز نے بڑھ چڑھ کر شجرکاری مہم میں حصہ لیا۔ مقامی کمیونٹی نے خصوصی تعاون کیا۔ دوران مہم ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے بھی مختلف سکولوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے ماحول دوست سرگرمی کی افادیت کے بارے میں اساتذہ اور طلبا و طالبات کو خصوصی ہدایات دیں۔ ضلع سرگودھا کے دورہ غزالی سکولز کے موقع پر سید عامر محمود نے سینئر ڈی ایم ایس وقار احمد گوندل ، ڈی ایم ایس مرزا فاروق حیدر اور جولیس وارڈ کے ہمراہ سکولز میں پودے لگائے۔ غزالی سکول دھریمہ سرگودھا میں مرکزی سطح پر شجرکاری کی گئی۔ سرگودھا کے پروفیسر شبیر الحسن ، گورنمنٹ کالج آف کامرس نے مہم میں خصوصی تعاون کیا۔ سید عامر محمود نے غزالی سکولز بھکر کے دورہ کے موقع پر غزالی سکول محمود والا میں جولیس وارڈ اور پرنسپل اور طلبا و طالبات کے ہمراہ پودے لگائے۔ غزالی سکول شاہو خیل میانوالی میں سینئر استاذ عبدالحمید نے خصوصی دلچسپی سے مہم کو کامیاب کروایا۔ ہردیو سکول شیخوپورہ میں پرنسپل محمد نوید ، ڈسٹرکٹ مینیجر شہزاد علی ضمیر اور تحصیل کوارڈینیٹر اعجاز احمد ملک نے سکول میں طلبا و طالبات سے مل کر پودے لگائے۔ غزالی ماڈل سکول 427/6.R میں بھی خصوصی ہفتہ شجرکاری منایا گیا۔ شجرکاری کے فوائد کے موضوع پر ایک تقریب کا اہتمام بھی کیا گیا۔ حاجی ریاست علی سرپرست روشن علی میموریل ٹرسٹ مہمان خصوصی تھے۔ افتخار احمد بسرا، ظفر اقبال بسرا اور پرنسپل یونس ظفر نے مہمانوں اور طلبا و طالبات سے خطاب کیا۔

## سید عامر محمود کا دورہ محمود والا سکول، عمارت کی تعمیر کے مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی

ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے ٹیچر ٹریز جولیس وارڈ اور ڈسٹرکٹ مینیجر بھکر سکولز اسلم خان کے ہمراہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول محمود والا بھکر کا دورہ کیا۔ سید عامر محمود نے اس موقع پر پرنسپل' اساتذہ اور لوکل سکول کمیٹی کے ممبران سے میٹنگ کی انہوں نے کلاسز کا جائزہ ۔اس موقع پر انہوں نے سکول کی عمارت کا معائنہ کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو سکول کے طلبا اور اساتذہ کی طرف سے عمارت کی تعمیر کے لیے درخواست کی گئی تو انہوں نے کہا کہ بلاشبہ سکول کے لیے عمارت کی تعمیر اہم ترین ضرورت ہے اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی انتظامیہ غزالی سکولز کے لیے تعلیمی سہولتوں کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ کوششیں کر رہی ہے اور انشاءاللہ ہمارے سکولز مستقبل قریب میں ہر لحاظ سے ماڈل سکول بن جائیں گے۔ سید عامر محمود نے اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ مینیجر کو مقامی سطح پر وسائل تلاش کرنے کے لیے بھی ہدایت کی اور سکول کی عمارت کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔


---


## پلان انٹرنیشنل کے وفد کی مشتاق مانگٹ اور سید عامر محمود سے ملاقات

پلان انٹرنیشنل کی صوفیہ عزیز اور سید صفدر رضا نے (Learn Without Fear) پروگرام کے سلسلے میں چلائی جانے والی مہم کے حوالے سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے جنرل سیکرٹری مشتاق محمد مانگٹ اور سید عامر محمود سے ملاقات کی۔ غزالی ہیڈ آفس میں ہونے والی ملاقات میں مہم کے اغراض و مقاصد اور نتائج سے متعلق بات چیت ہوئی۔ دونوں اطراف نے مستقبل میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔

## غزالی سکول کے طلباء کی گاؤں میں صفائی واک

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول ہردیو شیخوپورہ کے پرنسپل محمد نوید، تحصیل کوارڈینیٹر اعجاز احمد، اساتذہ اور طلبا و طالبات نے مل کر گاؤں میں صفائی واک کی۔ واک کا مقصد مقامی سطح پر تعمیری سرگرمی کے شعور کو اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر گلیوں میں پلاسٹک بیگز اور کوڑا کرکٹ کو اکٹھا کر کے جلایا گیا۔ کمیونٹی کو پلاسٹک بیگز کا استعمال ترک کرنے اور کوڑا کرکٹ کو ایک جگہ باسکٹ وغیرہ میں پھینکنے کی تلقین کی گئی۔ مقامی سطح پر فنڈ اکٹھا کر کے گلیوں میں باسکٹ رکھنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ مقامی لوگوں نے اس صفائی مہم کی تعریف کی اور ہدایات پر عمل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔





# آزادی تقریبات

وطن عزیز کا 61واں یوم آزادی غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام سکولز میں انتہائی جوش و جذبہ سے منایا گیا۔طلبا و طالبات نے تقاریر،ملی نغموں ،ڈراموں کے ذریعے وطن سے محبت کا اظہار کیا۔ڈسٹرکٹ مینیجرز ، پرنسپلز اور اساتذہ نے دوقومی نظریہ اور آزادی کی اہمیت کے حوالے سے طلبا و طالبات سے خطاب کیا۔غزالی سکول وجھ کی تقریب کے مہمان خصوصی عبدالکریم تھے۔طلبا و طالبات میں اظہر عباس ،اسداللہ، لاریب اشرف ،نادیہ،عدنان ظفر ،ثنا اللہ ،اکرام اللہ اور محمد افتخار نے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا۔غزالی سکول 57 شمالی سرگودھا میں مہمان خصوصی قاری اللہ بخش تھے۔وقار احمد گوندل نے خصوصی شرکت کی۔غزالی سکول 54 شمالی کے پروگرام کی صدارت پرنسپل غلام یٰسین نے کی۔رضیہ سلطانہ،وفا شہزادی، محمد اشفاق، محمد رضوان ،سائرہ اعظم ،رضیہ،غلام شبیر،عاصمہ نذیر،شاہد انور اور نادیہ اعجاز نے حصہ لیا۔غزالی سکول بھگوال کی تقریب میں عثمان احمد ،معوذعلی، مبشر نذیر، جاوید ابرار،فرحان باصل، تیمور شہزادہ،امیر حمزہ،افشاں نور ،ندا اشرف ،امامہ نذیر



ماہنور بٹ،عتیقہ طاہر،ماہین زہرہ،کائنات آصف ،ندااشرف ،اقرا اقبال اور روشن خدیجہ نے شرکت کی۔غزالی ماڈل سکول 427/6.R بہاولنگر میں خصوصی تقریب ہوئی۔غزالی سکول مرالی والا میں رمشا معظم ،ام سلمٰی عارف،خرم شہزاد،نمیرہ بشیر،معصب یحیٰی ،ماریہ اکرم ،سائرہ اکرم ،اقصیٰ طاہر،کرن فلک شیر، فاطمہ طاہر نے حصہ لیا۔غزالی سکول کوٹ بھوانیداس میں عادل ابراہیم کی تلاوت اور آصف علی کی نعت رسول ﷺ سے تقریب کا آغاز ہوا۔مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد اکرم تھے۔لوکل سکول کمیٹی کے ممبران رانا نذیر اور خالد بٹ نے خصوصی شرکت کی۔غزالی سکول بڈھا گورایہ میں مقامی کمیونٹی نے تقریب آزادی میں بھرپور شرکت کی۔مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازی خان کے غزالی سکولز شادن لنڈ ،بستی چولانی، ناڑی ،کالا ،سرفراز والا ،ٹبی اسیراں ،یاروکھوسہ،دبئی ٹاؤن ،عثمان کوریہ میں آزادی تقریبات ہوئیں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بٹر سیالکوٹ میں مہمانان خصوصی ڈاکٹر فرید احمد، ممتاز احمد گھمن اور شاہد مشتاق باجوہ تھے اس موقع پر مسلسل دس سال تک اول پوزیشن حاصل کرنے والے طالبعلم احسن صابر کو ایوارڈ بھی دیا گیا غزالی سکول کامرہ میں مہمان خصوصی ریحانہ اقبال تھیں۔غزالی سکول محمود والا ، حسن خان والا ، غزالی سکولز میانوالی بھکر میں آزادی تقریبات ہوئیں۔غزالی سکول بہل میں مہمان خصوصی رفیق احمد خان نیازی اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود تھے۔تری خیل سکول میں مزمل خان ،سجاول خان ،سحرش فاطمہ ،سحرش بی بی ،گلشن نیازی ،بسم بی بی، سعدیہ منور،جمیل احمد ،عابدہ پروین، محسن حسن خان ،اسد خان ،سدرہ انور ،سعدیہ منور نے حصہ لیا۔غزالی سکول ریتڑی میں آزادی تقریب میں احسان الحق ،شازیہ پروین، اکرام اللہ نے حصہ لیا۔غزالی سکول خانوالا میانوالی میں آزادی تقریب میں اویس خان ،روحیل نجم ،ابرار خان ،نرما نجم ،فزا فاطمہ ،رابعہ انجم ،مزمل خان ،وقاص خان ،امبر جبیں ،ثمن فاطمہ ،سعدیہ انجم ،فیصل حیات ،ارشد خان ،عمران اقبال نے حصہ لیا پرنسپل فیض حمید خان نے پاکستان کے مقاصد پر روشنی ڈالی۔غزالی سکول شاہو خیلانوالہ میں آزادی تقریب میں مہمان خصوصی عامر فاروق تھے۔غزالی سکول بانیاں میں یوم آزادی تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر احمد سعید، خان محمد سلیم ،محمد ریاض ،محمد فیاض ،مولانا فضل حق نے خصوصی شرکت کی۔غزالی سکول بٹل میں تقریب آزادی کا آغاز عبدالباسط نے تلاوت سے کیا محمد مسکین مہمان خصوصی تھے۔غزالی سکول کشتڑہ ،حدو باںڈی ،فیض آباد بٹ دریاں ، بانیاں ،بٹکرڑ حسہ ،شنکیاری اور نڑہ کے طلبا و طالبات نے بالاکوٹ مرکز میں تقریب آزادی پروگرام میں شرکت کی طلبا نے وزیر صنعت وتجارت سید احمد حسین شاہ سے انعامات لیے تقریب میں سید عامر محمد



ڈی ایم ایس محمد عالمگیر نے بھی شرکت کی غزالی سکول بچیانہ میں علی رضا یونس ،عائشہ طارق فرقان علی ، سنبل شہزادی ، ذیشان انور ، حریم شریف ، آمنہ بی بی ، حبہ نذیر ، اسماء اشفاق نے آزادی تقریب کے مختلف پروگراموں میں حصہ لیا میاں محمد اصغر مہمان خصوصی تھے۔غزالی سکول / گ۔ب فیصل آباد میں آزادی تقریب ہوئی غزالی سکول 101/ گ۔ب میں آزادی تقریب سے پرنسپل عبدالخالق نے خطاب کیا محمد عمران نے تلاوت اور کنیز فاطمہ نے نعت پیش کی۔غزالی سکول کلووال سیالکوٹ میں آزادی تقریب ہوئی غزالی سکول مستالہ میں عامر نوز نے خطاب کیا غزالی سکول کونتریلہ میں آزادی تقریب ہوئی۔غزالی سکول رتہ گورایہ میں آزادی تقریب ہوئی جس میں ایمن ابرار، شمیم منشاء، زید بن آصف ،عتیق الرحمٰن ،زوہیب حسن ،نبیل آصف ،کلیم اللہ ،ثنا نوشین ،آمنہ ،حمزہ محبوب ،احمد خان ،عثمان نذر ، تیمور ہاشمی ، وقاص دلشاد ،اریج اعجاز ،مریم جاوید ،آفاق صابر ،ادیبہ ،قندیل آصفہ جاوید، عثمان سیف اللہ ،عمر افضال ،ثمینہ جاوید ،ماہ جبین اعجاز ، زینب ابرار ،رومان عباس ، ثناء خلیل ،اقرا سجاد اور مہوش شفیق نے حصہ لیا۔غزالی سکول کوٹ آسائش گوجرانوالا میں آزادی تقریب میں حفصہ ریاض ،مہوش اصغر،عطیہ صدیق ،آمنہ شبانہ ،نبیلہ نذیر، تبسم جمیل ،شعیب اور شفیق احمد ظفر نے حصہ لیا۔ٹرسٹ آزادی کی اس نعمت پر اللہ کا شکر بجالاتا ہے اور اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ وطن عزیز کی تعمیر وترقی میں اپنا حصہ ادا کرتے رہیں گے۔

## غزالی سکولز کے طلبہ وطالبات کو شاندار نتائج پر مبارکباد

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے طلبہ وطالبات نے گزشتہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے مختلف امتحانات میں شاندار نتائج حاصل کیے۔ جس پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے طلبہ وطالبات، اساتذہ، پرنسپلز، ڈسٹرکٹ مینیجرز اور والدین کو مبارکباد دی جاتی ہے۔ مختلف غزالی سکولز کے نمایاں پوزیشن ہولڈرز درج ذیل ہیں۔


تہمیم اختر
دہم، 715/850


عتیق شریف
دہم، 709/850


محمد ساجد نثار
نہم، 409/480


محمد طاہر
نہم، 408/480


محمد فرقان
پنجم، 250/300


مظہر سعید
نہم، 403/480


محمد محسن اکرم
نہم، 402/480


ثناء اقبال
ہشتم، 722/800


سرمد علی
پنجم، وظیفہ حاصل کیا


احسن شہزاد
پنجم، 243/300


انس رشید
پنجم، وظیفہ حاصل کیا


حذیفہ علی
پنجم، 275/300


عمر فاروق
پنجم، 274/300


محافظ شہزاد
پنجم، 274/300


شاہد عمران
پنجم، 234/300


اسرار المعاویہ
پنجم، 273/300


اقراء نور
پنجم، 272/300


ذیشان رمضان
پنجم، 270/300


عامر شہزاد
پنجم، 261/300

## معروف شاعر، دانشور انور مسعود کا غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کا دورہ

معروف شاعر، دانشور پروفیسر انور مسعود نے غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے اعزاز میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں کالج کے سٹاف اور طالبات نے شرکت کی۔ غزالی کالج کے ڈائریکٹر عبدالسلام نے انور مسعود کا شکریہ ادا کیا اور انہیں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور ٹرسٹ کے منصوبوں کے بارے میں تعارف کروایا۔ پروفیسر انور مسعود نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تعلیمی مشن کی تعریف کی اور تعلیم کے حوالے سے اپنے خیالات پیش کیے انہوں نے اس موقع پر اپنی خوبصورت شاعری سے بھی حاضرین کو محظوظ کیا۔ دریں اثناء اس موقع پر پروفیسر انور مسعود، ان کی اہلیہ، بہو اور بیٹی نے ٹرسٹ کی چار مستحق طالبات کی تعلیمی کفالت کا ذمہ لیا۔



## صاف اور ٹھنڈے پانی کی فراہمی کا منصوبہ

پریم روات (امریکہ) اور روٹری کلب کی جانب سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے دورافتادہ گاؤں میں واقع 60 سکولوں میں طلبا وطالبات کے لیے ٹھنڈے اور صاف پانی کی فراہمی کے سلسلے میں الیکٹرک واٹر کولر اور واٹر پمپ فراہم کیے گئے۔ اس پراجیکٹ پر ابتدائی بات چیت دونوں اداروں کے عہدے داران کے درمیان ہوئی۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ، پریم روات اور روٹری کلب کے ذمہ داران نے فلاحی تعلیمی منصوبوں پر مستقبل میں تعاون کو مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔


## ہمارے مہمان

گزشتہ سہ ماہی درج ذیل مہمانوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں دورہ کیا۔ مہمانوں نے انتظامیہ سے ملاقات کی اور اُن کو ٹرسٹ کی تازہ ترین تعلیمی صورتحال اور مختلف شعبوں سے آگاہ کیا گیا۔

- چودھری محمد اخلاق (سٹاک ہوم، سویڈن) • محمد اکرم (ہیمبرگ، جرمنی)
- میاں محمد اسمٰعیل (دمام، سعودی عرب) • شاہد محمود (کویت) • یونس شاہد (یو ایس اے)
- شاہد حیات (یو ایس اے) • محمد خلیق (یو اے ای) • اعجاز یوسف (بحرین)

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول میانوال رانجھا کے شاندار نتائج پر اہل علاقہ کی طرف سے 6 لاکھ روپے اور دو کنال اراضی ٹرسٹ کے نام


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول میانوال رانجھا منڈی بہاؤالدین میں جماعت پنجم میں ضلع بھر میں دوسری اور تیسری پوزیشن لینے والے طلبا کے اعزاز میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور ڈسٹرکٹ مینیجر عبدالحلیم قاضی نے خصوصی شرکت کی۔ پروگرام میں والدین اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھی اس موقع پر سکول کی کارکردگی پر اظہار مسرت واطمینان کرتے ہوئے ناظم یونین کونسل چوہدری ضیاء اللہ نے سکول کی عمارت میں توسیع کے لیے دو کنال اراضی اور 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا۔ چوہدری اعجاز احمد ذیلدار نے ایک لاکھ، حاجی اظہر فاروق کونسلر نے پچاس ہزار اور ضیغم مغیرہ نے پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کیا۔ اس کے علاوہ حافظ محمد افضل، چوہدری محمد اقبال، اقصد جاوید، اورنگزیب ناصر، ارشد نواز، نصراللہ خان محسن اقبال نمبردار، سنور اقبال، چوہدری مختار احمد، شیخ احسان اللہ، احسان اللہ دانش، منیر احمد ورک، چوہدری سکندر حیات تارڑ، نصر جاوید، غلام رسول بلھڑ، امتیاز احمد طارق، ریاض احمد ودھائے کا، شجاع الرحمٰن، ساجد اسلام، چوہدری حبیب اللہ نمبردار، محمد اکرم بٹ، چوہدری صفدر اقبال، خالد محمود، شیخ محمد ارشد، ڈاکٹر محمد یونس، محمد اکبر گنڈھے کا، شبیر احمد وڑائچ، چوہدری غلام قادر، حافظ عبدالمالک، چوہدری غلام قادر سگھر کا، حاجی محمد عنایت عالم، ثناء الرحمٰن، ہیڈ مسٹریس گرلز سکول اور سیف اللہ نے غزالین کی کارکردگی سے متاثر ہوکر مختلف نقد رقوم دینے کا اعلان کیا۔ جس سے ٹرسٹ کے اس سکول کے لیے 6 لاکھ روپے کا فنڈ اکٹھا ہو گیا اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے ٹرسٹ کی جانب سے طلبا وطالبات، اساتذہ، والدین اور اہل علاقہ کو مبارکباد دی۔





## World Teachers' Day celebrates

Ghazali Education Trust (GET) have organized a walk in Hair (a town on Badyan Road, 10 km from Lahore) to celebrate the World Teachers' Day. The Walk will take place on Wednesday 15th October at 11 a.m. with the special collaboration of Volunteer Services Oversees (VSO). The purpose of walk is to highlight and to dignify the great professional services made by all teachers. ED GET Syed Aamir Mehmood said that, "Hundreds of teachers and students from Ghazali schools will participate in the walk along with representatives and personalities from other social NGO's."

He said, "GET and VSO have arranged the walk under the slogan of ***Teachers Matter.*"** Mr. Aamir adds that, "GET, which has been arranging free educational facilities for thousands of orphan/needy students in 29 districts of Punjab and NWFP, is much more than a charity organization. GET also focuses on a wide range of development activities regarding education." He said that, "GET is proud to take the lead in introducing education initiatives such as this."





## علامہ اقبالؒ کے نظریہ تعلیم کو اپنانے کی ضرورت ہے

### ڈاکٹر خورشید رضوی کا غزالی فورم سے خطاب

غزالی فورم کے زیرِ اہتمام یوم اقبالؒ کی مناسبت سے ایک فکری نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں "عصر حاضر میں مطالعہ اقبالؒ کی اہمیت وتقاضے" کے موضوع پر پروفیسر ڈاکٹر خورشید رضوی نے خطاب کیا افتتاحی خطاب میں صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص جعفری نے غزالی فورم کے مقاصد بیان کیے۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا مختصر تعارف پیش کیا اس کے بعد ڈاکٹر خورشید رضوی نے موضوع کے حوالے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قومیں شعراء اور ادیبوں کے دلوں میں پیدا ہوتی ہیں شاعر مشرقؒ کے دل میں جو قوم پیدا ہوئی اور جو خواب انہوں نے دیکھا تھا آزادی کے باوجود بھی وہ خواب ابھی تک ادھورا ہے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر اقبالؒ فنی طور پر اور مقصدیت کے حوالے سے منفرد مقام کے شاعر ہیں لیکن عمومی طور پر ایسا نہیں ہوتا کیونکہ مقصدیت فن پر غالب آجاتی ہے مولانا حالیؒ کی مثال اس ضمن میں دی جاسکتی ہے جب حالیؒ نے اصلاح قوم کا بیڑہ اٹھایا تو عوامی اور سادہ شاعری کی جب کہ اس سے قبل وہ غالب کے پائے کی غزل کہتے تھے لیکن علامہ اقبالؒ نے فن اور مقصد دونوں میں کمال حاصل کیا یہی وجہ ہے



کہ ان کی شاعری کو بڑی آسانی سے دنیا کے بہترین ادب میں رکھا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ شاعر مشرقؒ نے انسانیت کی شاعری کی ہے اس کائنات میں انسان کی حیثیت کو مرکزی قرار دیا اور اسے خودی کا سبق سکھایا اس حوالے سے اقبالؒ کی شاعری عالمگیریت کی حامل ہے جب کہ دوسری طرف انہوں نے امت مسلمہ کی بیداری کے لیے شاعری کی اور امت کو متحد ہونے کا درس دیا ہے ڈاکٹر خورشید رضوی نے کہا کہ وقت کی ضرورت ہے کہ نوجوان نسل علامہ اقبالؒ کی فارسی اور اردو شاعری کا مطالعہ کر کے اسے اپنی ذاتی اور معاشرتی زندگی کا جزو بنائے انہوں نے کہا کہ اقبال کے نظریہ تعلیم کو اپنانے کی ضرورت ہے جب کہ ان کے خودی کے پیغام کو اجتماعی طور پر سمجھنے کی ضرورت ہے انہوں نے غزالی فورم کی نشست کو سراہا اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تعلیمی مشن کو علامہ اقبالؒ کے نظریات کی تعبیر کی جانب بہترین قدم قرار دیا غزالی فورم میں شاعر مشرقؒ سے محبت کرنے والوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔آخر میں سوال وجواب کا سیشن ہوا۔

## President GET visits US & UK


President Ghazali Education Trust Syed Waqas Jafri is on a month visit to the USA. He has a busy schedule of meetings in different states with Pakistani community and some officials of the international organization to introduce the role of Ghazali Education Trust in the field of education in Pakistan. The president will appeal the people and organizations to share their shoulder with GET to make Pakistan 100% literate.



President GET during the interview to radio Glasgow (UK)

## Project approves for clean water in GET Schools

The Prem Rawat Foundation (TPRF) has made a contribution of $15,000 to the Rotary Club Lahore, which adds $5,000 in matching funds,to provide clean drinking water for the 60 schools of Ghazali Education Trust (GET) serving approximately 20,000 students.The Prem Rawat Foundation was created in 2001 by Prem Rawat and has mission of bringing peace to people and providing essential humanitarian aid to those in need.



GET team during the visit of Jihangir Tomb Lahore





Students of GCW Islamabad during the science exhibition organized by the Federal Board

## More schools next year in remote areas: Dr. Ishtiaq

Vice Chairman Ghazal Education Trust Dr.Ishtiaq Ahmed Gondal has said that GET would open more schools during the current academic session in the remote areas of the Punjab and NWFP. He was addressing on the occasion of the introductory program of GET at Islamabad Hotel. Prominent community leader, Zafar Bkhtavri was the Chief Guest of the program while former MNA Mian Muhammad Aslam presided over the session. A large number of dignitaries and officials from business community, corporate and social sector participated in the program.


## Workshop on Vision 2020

To celebrate first successful decade of progress of Ghazali Education Trust and to share ideas and issues an exclusive workshop "Vision 2020" was arranged at Lahore on 23 Oct.2008. Delegates from USA, Europe, UAE, KSA, Kuwait, Bahrain and eminent scholars and social workers attended this workshop .Syed Waqas Jafri, President GET welcomed the participants. Dr. Ishtiaq Gondal (Pak), Syed Aamir Mehmood (Pak) and Muhammad Khaleeq (UAE) were assigned to hold brain storming session on core issues and problems regarding noble cause of education. In the afternoon Liaqat Bloch, Chairman GET joined the session and paid sincere thanks to all participants who exhibited strong sense of obligation and commitment.




## ENVIRONMENT FRIENDLY CAMPAIGN IN GET SCHOOLS

A massive plantation campaign was launched during the month of August and September in all GET schools. It has become a tradition to launch plantation campaign every year. Students and teachers participated in the campaign with enthusiasm. Local community also took part in the campaign. Trees were planted in premises of schools, on the boundaries of the play fields and, on roadsides near schools with the community participation.





Vol. No. Complied by: Resource Mobilization Dept.

Al-Quraan | غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان | Al-Hadith

'And among His signs is the creation of the heavens and the earth, and the variations in your languages, and your colours: Verily in that are signs for those who know.'
(Surah Ar-Rum verse. 22,)

GHAZALI EDUCATION TRUST

# Ghazali News


December 2008


Allah's Messenger (Pbuh) said, "If somebody innovates something which is not present in our religion, then that thing will be rejected."
(Sahih Bukhari, Vol. 3)

E-mail: info@get.org.pk | 144/2 F, Model Town, Lahore Ph: 042-5882939, 5850966 | Visit us: www.get.org.pk

## DR. ZAKIR NAIK, YOUSAF ESTES APPRECIATE THE GET ACTIVITIES







Renowned scholar of the Muslim world and founder of the Islamic Research Foundation India, Dr. Zakir N[illegible] appreciated the activities of Ghazali Education Trust in spreading the light of knowledge. In a meeting with the Vice Chairman GET Dr. Ishtiaq Gondal in Dubai, Dr. Zakir was given briefing about the GET's role in delivering education in remote areas. Dr. Zakir commented that educating the coming generations was the need of the hour. He lauded the role of GET in education sector in Pakistan. The renowned Muslin Scholar, Yousuf Estes has appreciated the work of GET. General Secretary GET, Muhammad Mushtaq Mangat called on him during his visit to the USA and informed him about the role of GET in establishing schools in the rural areas for the underprivileged class of the society in Pakistan.

## GET SCHOOLS GLITTER WITH EXCELLENT RESULTS

Ghazali Education Trust Schools continued its glorious tradition of showing excellent results in primary, middle and high school examinations. According to the results declared by different boards of education, students of Ghazali Education Trust Schools have got 25 top positions in different boards of intermediate and secondary schools exams and 9 at tehsil and 7 at district level among 29 districts. According to the school results, there are 100% results at primary level with Iqra Naz 278/300 securing the highest marks. In the middle standard exam, 98% students succeeded with the highest Niaz Ahmed 728/800 while in matriculation exam the success ratio is 95% with Saqib Majid highest 767/850.



Saqib Majid
Matric 767/850.



Muhammad Akkas
Matric 749/850.



Rashid Ali
Matric 733/850



Falak Naz Arshed
Ninth 440/480




Sumyya Afzel
Ninth 435/480



Sajawal Hussain
Ninth 421/480



Ifra Naz
Fifth 278/300



Aysha Liaquat
Fifth 277/300